وفقنی الاعلیٰ لاسیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۶	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۶ رمضان المبارک ۱۳۴۳ھ مطابق ۳۰ مارچ ۱۹۲۵ء	نمبر ۱۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	صفحہ نمبر
	اضافہ حیدر حسین خان صاحب	۱
	تبادل حافظ غلام ربانی و محمد عزیز علی صاحب	۲
	اضافہ مشتاق حسین خان صاحب چوبکار — و اضافہ [illegible]	"
	تقرر منشی بشیر احمد صاحب بعہدہ [illegible] و تبادلہ [illegible] علی خان صاحب [illegible] و تبادلہ علی خان صاحب	"
	مقدمات مشترکہ [illegible] پیش کئے جایا کریں	"
	علحدہ اختیارات اسسٹنٹ کلکٹری منشی بشیر احمد صاحب و منشی قاسم علی خان صاحب	۳
	[illegible]	"
	رخصت ناظر عدالت مجسٹریٹ ضلع	"
	رخصت محمد [illegible] خان [illegible]	"
	تفویض اختیارات سب رجسٹرار [illegible] منشی بشیر احمد و مولوی قاسم علی خان صاحبان	"
	رخصت منشی [illegible]	"
	[illegible] — فروخت سامان [illegible]	"
	رخصت سید ابوالحسن [illegible]	"
	نقشہ نرخ غلہ [illegible]	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۱۸ مارچ ۱۹۲۵ء

حسب تحریر صاحب ہوم سکریٹری بہادر موسومہ صاحب چیف سکریٹری بہادر بربناء تصدیق تحصیلدار صاحب حضور تحصیل و حاکم صاحب صدر حیدر حسین خان نائب تحصیلدار حضور تحصیل کی تنخواہ موجودہ میں دس روپیہ ماہوار اضافہ بوجہ حسن انجام خدمات منظور فرمایا گیا۔

تبادل

۱۹ مارچ ۱۹۲۵ء

حسب تحریر صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر - حافظ غلام ربانی اہلمد آڈٹ بجائے محفوظ علیخان اجلاس ہمایون مین - اور محفوظ علیخان بجائے حافظ غلام ربانی سررشتہ آڈٹ مین تبدیل فرمائے گئے - تنخواہ دونون اپنی اپنی پاینگے -

اضافہ

۲۲ مارچ ۱۹۲۵ء

حسب تحریر صاحب ریونیو سکریٹری بہادر - منشی مشتاق حسین خان پیشکار اجلاس صاحب موصوف الصدر کی تنخواہ موجودہ مین دس روپیہ ماہوار اضافہ بوجہ کثرت کار و انجام دہی کار متعلقہ بمحنت و جانفشانی منظور فرمایا گیا -

۲۲ مارچ ۱۹۲۵ء

قاضی احمد علی اہلمد صدر کی موجودہ تنخواہ مین پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا -

---

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۲ مارچ ۱۹۲۵ء

بنظر مناسب

حکم ہوا کہ

منشی بشیر احمد بہ تنخواہ یکصد روپیہ ماہوار تحصیلدار مقرر ہون - اور شاہ آباد مین تعینات کیے جائین - منشی فضل علی خان تحصیلدار شاہ آباد اپنی موجودہ تنخواہ پر سررشتہ صدر مین تبدیل کیے جائین اور حاکم صاحب صدر کی ماتحتی مین کام انجام دین - مولوی قاسم علی ممبر بورڈ آف آڈٹ اپنی موجودہ تنخواہ پر تحصیلدار بلاسپور مقرر ہون - اور منشی امتیاز علی خان تحصیلدار بلاسپور اپنی موجودہ تنخواہ پر ممبر بورڈ آف آڈٹ مقرر کیے جائین - سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون -

---

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۱۷ مارچ ۱۹۲۵ء

بعض وقت عدالتہائے کمٹنگ مجسٹریٹ ان مقدمات کو جو مشترک جرم عدالت مجسٹریٹی اور سشن ہوتے ہین مقدمہ کو عدالت سشن مین دورہ سپرد کردیتے ہین اگرچہ مقدمہ الزام مشترک کا عدالت سشن مین عدالت مذکورہ سے بھیجا جاسکتا ہے مگر اس سے یہ مراد نہین ہے کہ محض اس بناء پر کہ جرم مشترک ہے بلا کسی خاص وجہ کے مقدمہ کو دورہ سپرد کردیا جائے اس قسم کی سپردگی مین بجز طوالت اور غیر ضروری تاخیر فیصلہ اور پریشانی اہل معاملہ کے اور کوئی نتیجہ نہین ہوتا کہ ایک مرتبہ ایک عدالت مین گواہان وغیرہ طلب ہوکر شہادت ہوچکی اور عدالت کا بھی اس کارروائی مین وقت صرف ہوا لیکن اسکا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ مقدمہ دورہ سپرد کردیا جاتا ہے جہان پر کہ پھر از سر نو پیشی مقدمہ و طلبی فریقین اور ثبوت وصفائی مین طوالت ہوتی ہے بالخصوص ایسے مقدمات مین کہ جنمین عہدہ داران سرکاری بھی گواہ ہین انکی طلبی بار بار ہونے مین سرکاری کام مین مزید حرج کا باعث ہوتا ہے - مثلاً مقدمات سرکار بہادر بنام چھیدن و کالے و فقیر محمد ملزمان الزام دفعہ ۱۹۳ تعزیرات ہند جو عدالت صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول مین تھی اور جہانپر ایک عرصہ تک کارروائی مقدمات ہوتی رہی اور شہادت ثبوت وغیرہ قلمبند ہوئی اور محض اس خیال سے کہ جرم مشترک ہے عدالت سشن مین مقدمات دورہ سپرد کردیے گئے - لہذا اس قسم کی سپردگی خالی از طوالت و پریشانی اہل معاملات سے نہین ہے - حکام عدالت کو مقدمات مشترک مین جبکہ کوئی خاص وجہ ہو دورہ سپرد کرنا چاہیے نہ کہ عام طور پر کہ جرم مشترک ہے محض اس بناء پر دورہ سپردگی ٹھیک نہین ہے پہلے بھی اس بارہ مین توجہ دلائی جاچکی ہے اور اب پھر اس بارہ مین حکام عدالت فوجداری کو متوجہ کیا جاتا ہے -

حکم ہے کہ

ایک ایک نقل روبکار ہذا کی عدالتہائے فوجداری مین واسطے اطلاع مرسل ہو اور ایک نقل درج گزٹ ہو -

---

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۲۴ مارچ ۱۹۲۵ء

چونکہ اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم سے منشی بشیر احمد کا تقرر تحصیلداری شاہ آباد پر اور منشی قاسم علی کا تقرر تحصیلداری بلاسپور پر بحکم ۲۲ مارچ ۱۹۲۵ء ہوا ہے - لہذا

حکم ہوا کہ

منشی بشیر احمد تحصیلدار شاہ آباد کو منشی قاسم علی تحصیلدار بلاسپور کو اختیارات

اسسٹنٹ کلکٹری درجہ دوم علاقہ قدیم مین اور علاقہ جدید مین اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول عطا کئے جاتے ہین۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

موقوفی

۱۸ مارچ سنہ ۱۹۲۵ء

حسب تصدیق رجسٹرار صاحب صدر۔ صابر علی خان و محمد احمد خان پسران محمد یوسف خان مرحوم نے محی الدین خان مختار عام کو اپنی مختار عامی سے موقوف کر دیا ہے۔ لہذا بغرض اطلاع عام درج گزٹ کیا گیا۔

رخصت

۲۲ مارچ سنہ ۱۹۲۵ء

حسب تحریر صاحب مجسٹریٹ بہادر ضلع۔ ناظر عدالت کی مزید رخصت یکہفتہ بوجہ علالت علاوہ رخصت محصلہ ۶ یوم سابقہ کے ۲۲ مارچ سنہ ۱۹۲۵ء سے منظور ہوئی۔ کام کا انتظام حسب رائے صاحب چیف مجسٹریٹ بدستور رہیگا۔

رخصت

۲۰ مارچ سنہ ۱۹۲۵ء

حسب تحریر صاحب چیف مجسٹریٹ بہادر۔ محمد علیخان اہلمد کی مزید رخصت یکماہ بانتظام موجودہ بوجہ علالت ۲۵ مارچ سنہ حال سے منظور ہوئی۔ سید محمد علی جو عارضی طور پر کام کر رہے ہین کام کرتے رہینگے اور تنخواہ بھی بمنشاء حکم سابقہ ملتی رہیگی۔

تفویض اختیارات

۲۴ مارچ سنہ ۱۹۲۵ء

منشی بشیر احمد صاحب تحصیلدار ستعینہ تحصیل ملک (؟) اور مولوی قاسم علی صاحب تحصیلدار ستعینہ تحصیل رامپور کو صیغہ رجسٹری مین سب رجسٹراری اور صیغہ فوجداری مین مجسٹریٹی درجہ دوم کے اور صیغہ دیوانی مین منصفی کے اختیارات دیے گئے۔

رخصت

۲۵ مارچ سنہ ۱۹۲۵ء

حسب تصدیق تحصیلدار صاحب ملک منشی علی حسین محرر خوراک (؟) تحصیل ملک کی رعایتی رخصت یکماہ ۴ اپریل سنہ ۱۹۲۵ء سے ۳ مئی سنہ حال تک بوجہ علالت بذمہ داری امیر حسن محرر مویشی خانہ منظور کی گئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

اضافہ

۴ مارچ سنہ ۱۹۲۵ء

حسب رپورٹ منصرم صاحب کتوخانہ مصدقہ کنٹرولر صاحب آف ہوم ہولڈ محمد یار خان تحویلدار کتوخانہ کی موجودہ تنخواہ مین ایک ۱ روپیہ ماہوار اضافہ بوجہ محنت و دیرینہ ملازمت منظور ہوا۔

روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

واقع ۱۵ مارچ سنہ ۱۹۲۵ء

اسٹیٹ فیکٹری مین فرنیچر کثیر تعداد مین موجود ہے۔ اور اسکے فروخت کر دینے کی منظوری صادر ہو چکی ہے۔ موجودہ قیمتون مین تیس فیصدی کمی کر کے اصلی لاگت پر کل سامان کا علحدہ کر دینا تجویز کیا گیا ہے۔ چونکہ یہ سامان عمدہ قسم کا ہے۔ اور محکمہ جات سرکاری مین استعمال کے قابل ہے۔ بنا بران قبل اسکے کہ پبلک مین فروخت کیواسطے رکھا جائے۔ مناسب ہے کہ محکمہ جات مین اطلاع دیجائے کہ جس محکمہ مین جسقدر ضرورت ہو برعایت مذکور خرید لیا جائے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل اسکی جملہ سکریٹری صاحبان کی خدمت مین مرسل ہو کر تصدیعہ دیا جائے کہ براہ مہربانی صیغہ ہائے متعلقہ سے دریافت فرما کر جسقدر ضرورت ہو اُس سے جلد مطلع فرمایا جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ بغرض اجرائے احکام صدر کو مرسل ہو۔

ملخص حکم اجلاس صاحب فائننشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ مارچ سنہ ۱۹۲۵ء

حسب [illegible] منشی [illegible] بخش صاحب فوج۔ رعایتی رخصت یکماہ [illegible] بوجہ [illegible] ۱۲ مارچ سنہ حال سے منظور کی گئی۔

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہیں۔ ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہی اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے خود بھی خرید فرما کر پڑھیے اور احباب کو بھی دکھائیے۔

قول شافی۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہی۔ اسکی عمدگی اِسکے نام سے ظاہر ہی۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہی قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۔۔
۱۲؍ ہی

التوحید۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہی۔ اِسمیں خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہی۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک
۱۲؍ ہی

خصائص معاویہ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع حامدی کے طبقات میں ہی۔ جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہی۔ بعض مطالب کا اِسمیں اضافہ کیا گیا ہی قیمت علاوہ محصول ۔۔ ہی

جسقدر نسخے مطلوب ہوں درخواست منصرم صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت میں ارسال فرمائیے۔

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

روبکار اجلاس صاحب سکرٹری بہادر تعمیرات وصنعت وحرفت واقع یکم مارچ ۱۹۲۵ء

روئداد جلسہ جنرل کمیٹی میونسپل بورڈ منعقدہ ۲۰ فروری ۱۹۲۵ء ملاحظہ ہوئی۔ صرف ریزولیوشن (۷) و (۱۲) کا تصفیہ ہوا ہے باقی امور کو جلسہ آیندہ کیواسطے بوجوہات مندرجہ روئداد ملتوی کیا گیا ہے۔ آیندہ کے لیے تصفیہ شدہ اور غیر تصفیہ شدہ دفعات کی بابت علیحدہ علیحدہ روئداد آنا چاہیے۔

نمبر ۱۲ کی مثل متعلقہ پر اجلاس ہذا سے یہ حکم ہوا ہے کہ جس آراضی میں نالہ سرکار پہلے سے موجود ہے اوسکے متعلق یہ تحقیقات ہونا چاہیے کہ کب سے اور کس طرح اوس آراضی پر قبضہ بائعان کا ہوا اور میونسپل بورڈ کی جانب سے اوس قبضہ کے خلاف کیا کارروائی ہوئی۔ اگر یہ آراضی سرکاری نہیں ہے۔ تو نالہ کی تعمیر کیونکر ہوئی اور اگر سرکاری آراضی ہے تو عظمت علی خان کو بوقت خریداری اوس پر غور کرنا لازم تھا۔ اب وہ کس طرح مستحق معاوضہ کا ہوسکتا ہے۔ امور بالا کی تحقیق کے بعد کمیٹی کو اپنی رائے کا اظہار کرنا چاہیے۔

لہذا حکم ہوا کہ

اصل ہذا بغرض اطلاع وکارروائی آیندہ خدمت میں میونسپل افسر صاحب کے مرسل ہو۔ اور نقل ہذا مع نقل نمبر (۷) و (۱۲) روئداد منسلکہ بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب سکرٹری بہادر صنعت وحرفت

روئداد جلسہ جنرل کمیٹی میونسپل بورڈ منعقدہ ٹاون ہال واقع میونسپل آفس محررہ ۲۰ فروری ۱۹۲۵ء

نمبر شمار	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
		مولوی محمد قدیر صاحب	صاحب میونسپل افسر	۱۔ صاحبزادہ سید قدرت علی خان صاحب میونسپل سکریٹری	۱۔ عطاء اللہ خان صاحب ممبر حلقہ ۲۔ مبارک علی خان صاحب جاگیردار ممبر حلقہ ۳۔ ماسٹر ہرنام سنگھ صاحب ممبر حلقہ			
	درخواست بہور افغان ساکن محلہ تکیہ فتح شاہ خان باستدعائے اجازت تعمیر مکان						چونکہ درخواست گذار نے تعمیر مکان بلاحصول اجازت شروع کردی ہے بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ حسب رپورٹ سپرنٹنڈنٹ حلقہ مبلغ آٹھ آنہ تاوان وصول کرکے سیاہہ کرادیا جائے اور اجازت نامہ [illegible] تعمیر [illegible] دیا جائے۔	

نمبر شمار	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
۱۲	کاغذات تخلیہ آراضی مکان عظمت علیخان واقع گہیر قلندر خان متصل بلاپور دروازہ تصفیہ قیمت آراضی					۱۲	آج یہ کاغذات بالمواجہ عظمت علیخان جلسہ کمیٹی مین پیش ہوکر عذرات نامبرہ مسموع ہوکر بیعنامہ موسومہ دلبری بیگم والدہ عظمت علیخان مصدقہ ۲۳ ہر فروری ۱۹۲۳ء مین کل آراضی مکانات مین تعدادی [illegible] گز درج ہے اور قیمت آراضی مع عملہ مکانات مبلغ [illegible] روپیہ مندرجہ بیعنامہ ہے اس حساب سے قیمت آراضی تخمینًا فی درعہ بارہ آنہ ہوتی ہے کشادگی راستہ کے لیئے جس آراضی کے تخلیہ کی ضرورت ہے اوسمین عرضی گذار کی تعمیر ہے تخلیہ آراضی ہونے کی صورت مین تعمیر کو علیحدہ کرکے از سر نو تعمیر کرنا ہوگی جسمین زاید نقصان عرضی گذار متصور ہے اسلیئے بالاتفاق یہ امر پاس ہوتی کہ [illegible] گز آراضی بموجب تفصیل مندرجہ فرد شمولہ مثل مرتبہ اوورسیر میونسپلٹی کے تخلیہ کی ضرورت ہے اس آراضی کی قیمت فی گز مبلغ ایکروپیہ کے حساب سے [illegible] عظمت علیخان کو دیدی جاوے اس قیمت پر عرضی گذار کو رضامند کردیا گیا ہے بجٹ میونسپلٹی سے رقم مذکور کی مجرائی ہونا چاہیے بعد مجرائی تخلیہ آراضی ہوکر راستہ کشادہ کرادیا جائے باید صدر جلسہ باجلاس جناب سکریٹری صاحب بہادر صنعت و حرفت و تعمیرات پیش ہو- دستخط صاحب میونسپل افسر	

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲۳ لغایت ۲۹ مارچ سنہ ۱۹۲۵ء

کیفیت	ٹانڈہ	سوار	بلاسپور	ملک	شاہ آباد	حضور تحصیل	نام جنس
	۵ ۔ مار		۵ ۔ مار	۵ ۔ مار			گندم
	۹ مار		۸ مار	۸۰ مار	۔		نخود خالص
	۹۰ مار		۸ مار	۹ مار			نخود کشتہ آمیز
	۱۰ مار		۸۰ مار	۹ مار			کسر
	۲ مار		۲ مار	۰	۔		ماش
	۷ مار		۰	۰			مونگ
	۸ مار		۷۰ مار	۷۰ مار			مکا
	۱۲ مار		۰	۱۰ مار			جئی
	۱۰ مار		۰	۰			گوجئی
	۹ مار		۰	۰			عدس
	۱۳ مار		۰	۰			ارہر
	۴۰ مار		[illegible] مار	۴۰ مار			برنج
	[illegible] مار		[illegible] چھٹانک	۲ چھٹانک			روغن زرد
	[illegible] مار		[illegible] مار	[illegible] مار			روغن سیاہ
	[illegible] مار		[illegible] مار	۰			روغن کنجد
	۱۱ مار		۱۰ مار	۱۱ مار			نمک سانبھر
	۷ مار		۵ مار	۹ مار			نمک لاہوری
	۵ مار		۴ مار	۴۰ مار			قند سیاہ
	۰		۰	۰			باجرہ

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور